روزنامہ 92 نیوز، لاہور، اتوار، 11 جون، 2017ء

روزنامہ 92 نیوز

# کھیلوں کا فروغ، اسلام آباد میں قومی سپورٹس یونیورسٹی کے قیام کا فیصلہ

## یونیورسٹی سپورٹس کمپلیکس میں قائم کیے جانے کا امکان، منصوبے کی لاگت 75 کروڑ روپے، ابتدائی طور پر 15 کروڑ خرچ کیے جائینگے

اسلام آباد (آن لائن) ملک میں کھیلوں کے فروغ کے لئے اسلام آباد میں قومی سپورٹس یونیورسٹی کے قیام کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس منصوبے پر کل لاگت 75 کروڑ روپے ہوگی۔ سرکاری ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے ملک میں کھیلوں کے گرتے ہوئے معیار کے پیش نظر اسلام آباد میں جدید قومی سپورٹس یونیورسٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، ابتدائی طور پر آئندہ مالی سال کے دوران اس منصوبے پر 15 کروڑ روپے خرچ کیے جائیں گے۔ یہ یونیورسٹی سپورٹس کمپلیکس میں قائم کیے جانے کا امکان ہے۔

# پہلی نیشنل یوتھ گیمز آئندہ برس منعقد کرنے کا فیصلہ

## اولمپک موومنٹ کے فروغ کیلئے حکومتی اداروں سے قریبی روابط استوار کیے جائینگے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن نے فیصلہ کیا ہے کہ پہلی نیشنل یوتھ گیمز آئندہ برس منعقد کی جائیں گی۔ صوبائی اولمپک ایسوسی ایشنز کا اجلاس اولمپک ہاؤس میں ہوا جس میں مختلف ایونٹس بارے کئی اہم فیصلے کیے گئے۔ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر سید عارف حسن کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں سندھ، پنجاب، خیبر پختونخواہ اور بلوچستان اولمپک ایسوسی ایشن کے صدور اور سیکرٹریز نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پاکستان میں اولمپک موومنٹ کے تحفظ اور فروغ کیلئے حکومتی اداروں سے قریبی روابط استوار کیے جائیں گے۔ 33 ویں قومی کھیلوں کے انعقاد کیلئے کیے جانے والے انتظامات اور دیگر معاملات کو حتمی شکل دینے کیلئے بلوچستان اولمپک ایسوسی ایشن اور متعلقہ فیڈریشنز کے ساتھ آئندہ ماہ میٹنگ کر کے حتمی تاریخوں کا اعلان کیا جائے گا۔ چوتھی بین الصوبائی گیمز کی میزبانی خیبر پختونخواہ اولمپک ایسوسی ایشن کو سونپی گئی جس کا انعقاد آئندہ برس مارچ میں کیا جائے گا حتمی تاریخوں کا اعلان پی او اے سپورٹس کمیشن جنرل کونسل کی منظوری کے بعد کرے گا۔ پی او اے نے نوجوانوں میں کھیلوں کے فروغ کیلئے پہلی یوتھ گیمز کے انعقاد کا بھی فیصلہ کیا جس کا انعقاد آئندہ برس کیا جائے گا اس کے علاوہ چاروں صوبوں میں چار سے سات جولائی تک اولمپک ڈے کی تقریبات اور چاروں صوبائی اولمپک ایسوسی ایشنز کو او سی اے سپورٹس ایڈمنسٹریشن اور لیڈرشپ کورس بھی الاٹ کیے گئے جن کا انعقاد رواں برس کے دوران کیا جائے گا۔ اجلاس میں سندھ اولمپک ایسوسی ایشن کے زیراہتمام پہلی نیشنل بیچ گیمز کراچی اور گوادر کیلئے کارپوریٹ سیکٹر اور حکومت سندھ سے سپانسر شپ کے حصول کا بھی فیصلہ کیا گیا۔

# باکسر محمد وسیم ورلڈ ٹائٹل فائٹ کے اہل ہوگئے

کراچی (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کے پہلے پروفیشنل باکسر محمد وسیم ورلڈ ٹائٹل فائٹ کے اہل ہوگئے، حال ہی میں ورلڈ باکسنگ کونسل کی جانب سے جاری نئی عالمی رینکنگ جاری کی گئی ہے جس میں فلائی ویٹ کیٹگری میں پاکستان کے محمد وسیم نمبر ون باکسر بن گئے ہیں جس کے بعد وہ ورلڈ ٹائٹل کے بھی اہل ہوں گے۔ پاکستان کے شہر کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے محمد وسیم اب ورلڈ فلائی ویٹ ٹائٹل کیلئے جاپان کے ڈائیگو ہیگا کے مقابل ہوں گے۔ محمد وسیم اس وقت ڈبلیو بی سی سلور فلائٹ ویٹ چیمپئن ہیں اور ان دنوں پانامہ میں ٹریننگ کر رہے ہیں عید کے بعد ان کی دو پریکٹس باؤٹس بھی شیڈول کی جاچکی ہیں۔

Scanned by CamScanner

